# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: مظفر آباد کا لال قلعہ | |

**مقاصد:** حروف ندا، استعجاب، اور تاسف کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گتّے کی مدد سے بنا ہوا پہیا

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ "پہیا گھماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔
- کسی گتّے کی مدد سے یہ پہیا تیار کریں اور اس پر دس مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں۔
- ان ڈبوں کے اندر ۵۱ تا ۸۰ میں سے کوئی سے بھی دس اردو ہندسے لکھ دیں۔
- خیال رکھیں کہ ایک ڈبے میں صرف ایک ہندسہ لکھا ہوا ہو۔
- جماعت میں سے مختلف بچوں کو بُلائیں اور ان سے پہیا گھُمانے کو کہیں۔
- پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے، بچے سے بورڈ پر وہ ہندسہ اردو گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔
- جیسے: ۵۰ وہ لکھے گا پچاس۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(22منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم حروف ندا، استعجاب اور تاسف کے بارے میں جانیں گے۔
- حروف ندا: وہ الفاظ جو کسی کو پکارنے یا متوجہ کرنے کے لیے بولے جاتے ہیں، حروف ندا کہلاتے ہیں۔ جیسے: ''ارے! بھائی کدھر جا رہے ہو؟'' میں 'ارے' حرف ندا ہے۔ اس کے علاوہ 'ابے'، 'اے' اور 'او' بھی حروف ندا ہیں۔
- حروف تاسف: وہ الفاظ جو غم یا افسوس ظاہر کرنے کے لیے بولے جائیں، حروف تاسف کہلاتے ہیں۔ جیسے: آہ! میں امتحان میں کامیاب ہو گیا۔ اس جملے میں 'آہ' حرف تاسف ہے۔ اس کے علاوہ 'افسوس'، 'ہائے ہائے'، 'اُف' وغیرہ بھی حروف تاسف ہیں۔
- حروف استعجاب: وہ الفاظ جو حیرت کے اظہار کے لیے بولے جاتے ہیں، حروف استعجاب کہلاتے ہیں۔ جیسے: سبحان اللہ! کتنا حسین منظر ہے۔ میں 'سبحان اللہ' حرف استعجاب ہے۔ اس کے علاوہ 'واہ رے'، 'اللہ اللہ'، 'کیا'، 'اوہو' وغیرہ حروف استعجاب ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔
- اب پہلا لفظ بولیں اور بچوں سے کہیں کہ اس کا جملہ بنائیں۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں سے حروف ندا، تاسف اور استعجاب کی تعریف سنیں اور اس کی مختلف مثالیں پوچھیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر ان سے سوال نمبر 8 میں دیے گئے الفاظ کے بورڈ پر جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: مظفر آباد کا لال قلعہ | |

**مقاصد:** اپنے پسندیدہ تاریخی مقام کے بارے میں لکھ سکیں۔

پیش آنے والے کسی بھی ناخوش گوار واقعے کے بارے میں بات کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کلڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری لیں۔ اس میں سوال نمبر 8 میں دیے گئے حروف کی پرچیاں بنا کر ڈالیں۔
- جماعت کے تین گروہ بنالیں۔ اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بنائیں۔
- ہر گروہ کے لیڈر کو ہدایت دیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے کوئی سی دو پرچیاں نکال لیں۔
- ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں اور ایک ایک جملہ بنائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور انھیں جملے بتانے کے لیے کہیں۔
- درست جملے بتانے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- سوال نمبر 9 کی سرگرمی کے لیے مختلف تاریخی عمارات کی تصاویر کے پرنٹ بچوں کی تعداد کے مطابق جماعت میں لے کر آئیں۔
- یہ تصاویر بچوں کو دیں اور ہدایت کریں کہ ان تصاویر سے متعلق معلومات اکٹھی کریں۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں کی تخلیقی صلاحیت کو اُجاگر کرنا ہے۔
- بعد ازاں ان تصاویر سے متعلق دس جملے تحریر کروائیں۔
- سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے اسکول میں ایک کمیٹی بنائیں جو ایسے بچوں کی مدد کر سکے یا ان کے لیے اقدامات کرے جو کسی ناپسندیدہ حرکت یا واقعہ کا شکار ہوئے ہیں۔
- اس موضوع سے متعلق جماعت میں بچوں سے بات چیت بھی کریں۔
- بات چیت کے دوران ماحول ایسا دوستانہ رکھا جائے کہ بچے آپ کو اپنے مسائل بتانے میں جھجک محسوس نہ کریں۔
- جب بچے آپ پر اعتماد کرنے لگیں تو ان کے خیالات جانیں جیسے اسکول، محلے یا گھر میں کوئی شخص انھیں تنگ تو نہیں کرتا، یا کوئی ایسی حرکت یا اشارہ تو نہیں کرتا جو ان کو پسند نہیں۔
- گفتگو کے بعد بچوں کے اعتماد کو بحال کریں اور ہدایت دیں کہ ایسی تمام باتیں اپنے والدین اور اساتذہ کو بتایا کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بچوں کو گھر سے پاکستان کی تاریخی عمارات کی تصاویر لانے کا کہیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ان تصاویر کو چارٹ پر چسپاں کر کے جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: رہن سہن اور رسم ورواج (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشاندہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کلڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8 منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "رہن سہن اور رسم ورواج" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تا کہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0 منٹ) N/A

**جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بیش بہا | | خاطر مدارات | | ترک کرنا | |
| باہمی تعاون | | میانہ روی | | تامل | |

(ب) دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ دنیا میں کون سی قومیں ترقی کرتی ہیں؟

۲۔ مہنگائی یا مانگ کی رسم کیا ہوتی ہے؟

۳۔ ہمیں کیسے رسم و رواج اختیار کرنے چاہییں؟

(ج) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

۱۔ پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیص نہیں ہے۔

۲۔ شہروں میں میلوں کا اہتمام نہیں کیا جاتا۔

۳۔ ہمیں رسم و رواج میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: رہن سہن اور رسم ورواج (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

سابقے لاحقے کی مدد سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

جملوں کو زمانہ کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں۔

محاورات کو تحریر میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔ ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں دائرے میں کھڑا کریں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں جس پر فعل حال کے پانچ جملوں کی چٹیں اس طرح لگی ہوں کہ ان پر لکھے جملے نظر نہ آئیں۔
- خود گھنٹی بجانا شروع کریں۔
- اور بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کریں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی۔
- وہ گیند پر لگی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا جملہ پڑھے گا۔
- اور اسے فعل ماضی اور فعل مستقبل میں تبدیل کرے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں دہرائی کا مقصد ان کی امتحانات کے لیے تیاری بہتر کرنا ہے۔
- بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنوائیں۔
- تمام سوالات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں بچوں کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20 منٹ**

**(الف)** دیے گئے الفاظ کے آخری حروف سے نیا لفظ بنا کر لفظوں کی زنجیر مکمل کریں۔

پکوان ________ ________

رواج ________ ________

فصل ________ ________

اسلام ________ ________

موقع ________ ________

**(ب)** **دیے گئے سابقوں کی مدد سے بامعنی الفاظ بنائیں۔**

**با** ________ ________ ________

ان ________ ________ ________

خوش ________ ________ ________

**(ج)** **محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔**

| محاورات | جملے |
|---|---|
| جان پر کھیلنا | |
| پیٹ کاٹنا | |
| چار چاند لگانا | |
| دوچار ہونا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: ایفائے عہد (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

مرکب الفاظ سے جملے بنا سکیں۔

فعل فاعل اور مفعول کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- اب باری باری ہر گروہ سے سبق کی چند لائنیں پڑھوائیں۔
- آخر میں سبق سے متعلق سوالات کریں اور درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرائیں اور اہم نکات کی دہرائی کرائیں۔
- بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ مقررہ وقت میں ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

**(الف) دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔**

ا۔ اسد اور علی کس بات پر جھگڑ رہے تھے؟

______________________________

۲۔ اسد نے کون سی غلطیاں کی تھیں؟

______________________________

۳۔ جزیہ سے کیا مراد ہے؟

______________________________

۴۔ ہرمزان نے پانی کا پیالہ کیوں پھینک دیا؟

______________________________

**(ب) دیے گئے مرکب الفاظ سے جملے بنائیں۔**

| مرکب الفاظ | جملے |
|---|---|
| ملک و قوم | |
| خوب صورت | |
| جناب عالی | |
| صبح شام | |

**(ج) دیے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| جھوٹی کسم مت کھاؤ۔ | ________________ |
| ہمیشہ حک کا ساتھ دو۔ | ________________ |
| وہ ہر روز صیر کرتا ہے۔ | ________________ |
| درواظا بند کر دو۔ | ________________ |
| ظمین ایک سیارہ ہے۔ | ________________ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم:یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: مظفر آباد کا لال قلعہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

اکاون سے اسی تک لفظی گنتی لکھ سکیں۔

حروف ندا، استعجاب اور تاسف کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(8منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- اب سبق میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:**(0منٹ)N/A

**جائزہ:**(5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

20منٹ

**(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔**

عہد ___________ اَن بَن ___________ رخنہ ___________

منہدم ___________ سرائے ___________ حملہ آور ___________

**(ب) دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔**

۱۔ مظفر آباد کا لال قلعہ کون سے دو دریاؤں کے سنگم پر واقع ہے؟

___________________________________________

۲۔ یہ قلعہ کس مقصد کے لیے تعمیر کیا گیا؟

___________________________________________

۳۔ مظفر آباد کا لال قلعہ کس حکمران نے تعمیر کروایا؟

___________________________________________

**(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

۱۔ حمزہ کا دوست آصف رہتا ہے:

(الف) سری نگر میں (ب) راولپنڈی میں (ج) مری میں (د) ایبٹ آباد میں

۲۔ حمزہ اور آصف قلعے پہنچے:

(الف) موٹر سائیکل کے ذریعے (ب) سائیکل کے ذریعے (ج) گاڑی کے ذریعے (د) رکشے کے ذریعے

۳۔ دریائے نیلم نے مظفر آباد کے لال قلعے کو گھیر رکھا ہے:

(الف) ایک طرف سے (ب) دو اطراف سے (ج) تین اطراف سے (د) چار اطراف سے

۴۔ مظفر آباد کا لال قلعہ بنوایا:

(الف) چک حکمرانوں نے (ب) مغلوں نے (ج) ہندوؤں نے (د) انگریزوں نے

۵۔ مظفر آباد کے لال قلعے کی تعمیر کا آغاز ہوا:

(الف) ۱۵۵۰ء میں (ب) ۱۵۴۹ء میں (ج) ۱۵۵۵ء میں (د) ۱۵۵۶ء میں

۶۔ مظفر آباد کے لال قلعے میں قید خانہ مشتمل ہے:

(الف) پانچ کمروں پر (ب) نو کمروں پر (ج) آٹھ کمروں پر (د) دس کمروں پر